واقفیتِ عامہ برائے جماعت دوئم

باب ۰۱: اللہ تعالیٰ کی نعمتیں

سوال ۱: ہم الحمدللہ کب کہتے ہیں؟

جواب: ہم اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کا شکر ادا کرنے کے لیے الحمدللہ کہتے ہیں۔

سوال ۲: ہمیں انشاء اللہ کب کہنا چاہیے؟

جواب: ہمیں ہر کام شروع کرنے سے پہلے انشاءاللہ کہنا چاہیے کہ ہم اسے کریں گے۔

سوال ۳: اللہ تعالیٰ کی پانچ ایسی نعمتیں بتائیں جن کا ذکر اس کتاب میں ہوا ہو؟

جواب: علم، عقل، موسم، رزق اور دین۔

سوال ۴: کوئی اچھا کام کرے تو ہمیں کیا کہنا چاہیے؟

جواب: کوئی اچھا کام کرے تو ہمیں ماشاء اللہ کہنا چاہیے۔

باب ۲: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرتِ طیبہ

سوال ۱: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے دادا کا کیا نام ہے؟

جواب: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے دادا کا نام حضرت عبدالمطلب ہے۔

سوال ۲: جب مکہ فتح ہوا تو حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے دشمنوں کے ساتھ کیا سلوک کیا؟

جواب: جب مکہ فتح ہوا تو آپؐ نے تمام دشمنوں کو معاف کر دیا۔

Scanned with CamScanner

سوال ۳: حضرت آمنہ کا انتقال کب ہوا؟

جواب: جب آپؐ کی عمر چھے برس کی ہوئی تو آپؐ کی والدہ بی بی آمنہ کا انتقال ہو گیا۔

سوال ۴: حضرت محمد کو دیہات کیوں بھیجا گیا؟

جواب: اُس وقت کے رواج کے مطابق آپؐ کی اچھی صحت کے لیے آپ کو دیہات بھیج دیا گیا۔

سوال ۵: دادا کے انتقال کے بعد آپ کی پرورش کس نے کی؟

جواب: دادا کے انتقال کے بعد آپ کی پرورش آپ کے چچا حضرت ابو طالب نے کی۔

باب ۳: انبیاء کرام اور کردار سازی

سوال ۱: کیا اچھے کپڑے پہننے یا اچھا کھانا کھانے سے کوئی اچھا انسان بن سکتا ہے؟

جواب: جی نہیں! اچھا کھانا کھانے یا اچھے کپڑے پہننے سے کوئی اچھا انسان نہیں ہوتا۔ بلکہ اچھا انسان اچھے اخلاق اور کردار سے

سوال ۲: حضرت موسیٰ علیہ اسلام نے لڑکیوں کی مدد کیسے کی؟

جواب: حضرت موسیٰ علیہ اسلام نے کنویں سے پانی نکال کر لڑکیوں کے جانوروں کو پلایا۔

سوال ۳: حضرت عیسیٰ علیہ اسلام لوگوں کا خیال کس طرح رکھتے تھے؟

جواب: آپ ہر وقت دوسرے انسانوں کی خدمت اور خوشی کے لیے تیار رہتے تھے۔

سوال ۴: حضرت محمد ﷺ نے جس شخص کو جھوٹ سے منع فرمایا اس شخص کی زندگی پر کیا اثر ہوا؟

جواب: اس شخص نے تمام بُرے کاموں سے توبہ کر لی۔

سوال ۵: حضرت محمد ﷺ کی بچوں سے محبت کا کوئی واقعہ سنائیں؟

جواب: آپ بچوں سے بہت پیار کرتے۔ جب کھانے کی کوئی چیز آتی تو سب سے پہلے بچوں کو دیتے۔

Scanned with CamScanner

باب۴: روزہ

سوال۱: روزہ سے کیا مراد ہے؟

جواب: روزے سے مراد اذانِ فجر سے اذانِ مغرب تک کھانے پینے اور ایسے کاموں سے رکنا ہے جن سے رکنے کا اللہ تعالیٰ نے حکم دیا ہے۔

سوال۲: روزہ رکھنے سے کون کون سے فائدے ملتے ہیں؟

جواب: روزہ رکھنے سے درج ذیل فائدے ملتے ہیں۔

۱۔ انسان بیماریوں سے بچا رہتا ہے۔

۲۔ اُسے غریبوں کی بھوک کا احساس ہوتا ہے۔

۳۔ اُسے غریبوں، یتیموں اور مسکینوں سے ہمدردی پیدا ہوتی ہے۔

۴۔ اللہ تعالیٰ خوش ہوتا ہے۔

سوال۳: روزے کس اسلامی مہینے میں رکھے جاتے ہیں؟

جواب: روزے رمضان المبارک کے مہینے میں رکھے جاتے ہیں۔

سوال۴: سحری اور افطاری کا کیا مطلب ہے؟

جواب: سحری اذانِ فجر سے پہلے کھایا جانے والا کھانا ہے۔ رمضان میں اذانِ مغرب کے بعد کھایا جانے والا کھانا افطاری کہلاتا

سوال۵: کس نماز کے ساتھ نمازِ تراویح ادا کی جاتی ہے؟

جواب: نمازِ عشاء کے ساتھ نمازِ تراویح ادا کی جاتی ہے۔

Scanned with CamScanner